KARACHI STOCK EXCHANGE LIMITED

KSE/N-216 **NOTICE** **January 14, 2013**

NINA INDUSTRIES LIMITED

Source: Daily "JANG" Dated: January 14, 2013

نیلام عام

بینکنگ کورٹ نمبر-I بمقام کراچی، بلاک نمبر-55 پاکستان سیکرٹریٹ صدر، کراچی

مقدمہ نمبر 01 بابتہ 2006 ایگزیکیوشن نمبر 54 بابتہ 2008

پاک لیبیا ہولڈنگ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ ..... (ڈگری ہولڈر)

::: بخلاف :::

NINA انڈسٹریز لمیٹڈ، A-29/A، سائٹ منگھوپیر روڈ، کراچی اور دیگران..... (ججمنٹ ڈیٹرز)

ذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ زیر آرڈر 21 رول 64، سی پی سی 1908 مندرجہ ذیل شیڈول میں درج قرق شدہ املاک کی فروخت کیلئے -/29870331 روپے مع فنڈز کے اخراجات کی ڈگری کے ایفا کی غرض سے بینکنگ کورٹ نے ایک حکم نامہ جاری کیا ہے، دستخط کنندہ ذیل ججمنٹ ڈیٹرز کے مندرجہ ذیل غیر منقولہ قرق شدہ املاک بذریعہ نیلام عام بمقام بینکنگ کورٹ نمبر-I کراچی مورخہ 18 رفروری 2013 کو سہ پہر 02:00 بجے فروخت کرینگے۔

رہن شدہ املاک کا شیڈول

بہ تمام و کمال صنعتی لیز ہولڈ قطعہ اراضی پیمائش: 12.834 ایکڑز یا اس کے لگ بھگ مع اس پر موجود بلڈنگز، فیکٹری، ورکشاپ اور سپر اسٹرکچر واقع پلاٹ نمبر A-29/A، سائٹ سروے شیٹ نمبر: 14&35/1/13، سائٹ ایریا، ٹرانس لیاری کوارٹرز، کراچی۔

کل تخمینی مالیت: -/1396943140 روپے..... فورسڈ سیل ویلیو: -/1100000000 روپے

مندرجہ ذیل شرائط و ضوابط سے مشروط

(1) جائیداد کا نیلام "جیسا ہے جہاں ہے" کی شرط کی بنیاد پر ہوگا۔ (2) تمام ٹیکسز، یوٹیلٹی چارجز، سرکاری، نیم سرکاری چارجز یا [illegible] نیلام پر ہیں، آکشن پرچیز ادا کریگا۔ (3) خریدار قرار دیئے جانیوالے شخص کو زیر دستخطی کے پاس اپنی قیمت خرید کی رقم کا 25% پے آرڈر فوراً جمع کرانا ہوگا، 25% رقم کا چیک قبول نہیں کیا جائیگا۔ (4) خریداری کی رقم کا باقیماندہ حصہ خریدار کو نیلام کی تاریخ سے 15 ویں دن عدالت بند ہونے سے قبل ادا کرنا ہوگا۔ (5) فروخت عدالت کی جانب سے توثیق سے مشروط ہوگی۔ (6) عدالت یہ حق محفوظ رکھتی ہے کہ وہ نیلام کو منسوخ کردے یا کسی بھی پیشکش کو منظور نہ کرے خواہ وہ سب سے اونچی ہی کیوں نہ ہو اور وہ کسی بھی وقت نیلام کو منسوخ کردے۔ آج بتاریخ 10 رجنوری 2013 میرے دستخط اور بینکنگ کورٹ نمبر-1 کراچی کی مہر کیساتھ جاری کیا گیا۔

حسب الحکم..... دستخط: (جاوید جوزف)

ناظر..... بینکنگ کورٹ نمبر-I، کراچی

مہر عدالت